ابو شریح محمد اشتیاق احمد
خادم طلبہ جامعہ معہد القرآن الکریم، کرک شہر
خیبر پختون خواہ، پاکستان

# آسان
# قرآنی قاعدہ

*A Joint Venture of*
Khadimiya Trust
*and*
Humanity Publications

**Presented By:** Prof. Peer Hafiz Hafeez Ullah Khan Khadim
Founder Khadimiya Trust

Copyright © 2022 Humanity Publications

**All Rights Reserved Worldwide**

No part of this book may be reproduced, utilized, stored, or transmitted in any form or by any means, electrical or mechanical, including photocopying, recording, or any information, storage, or retrieval system without prior written permission from Humanity Publications.

## Disclaimers

The publisher has put forth its best efforts in preparing and arranging this book (Asan Qur'ani Qayeda). The information provided herein by the author is provided "as is." If anything is found miswritten or mistyped, please contact the following for correction.

**ISBN:** 978-627-7590-01-7 *(Paper Back)*
978-627-7590-02-4 *(Hard)*
978-627-7590-03-1 *(e-Book)*

---

**Presented By:** Prof. Peer Hafiz Hafeez Ullah Khan Khadim
Founder Khadimiya Trust

**Published By**

Humanity Publications
sharing research
www.humapub.com
UK | US | Pakistan

**Powered By**

www.khadimiya.com
KHADIMIYA TRUST
helping humanity

---

**Address:** Huma Globe House, Office # 01 & 02, 1st Floor, Fazal Arcade, F-11 Markaz, Islamabad, Pakistan
**Showroom:** Shop # 16 & 17, Shahr-e-Kitab, F-7 Markaz (Super Market), Islamabad, Pakistan.
**Contact:** +92-332-9147-618 **Web:** www.humapub.com
**Email:** info@humapub.com

# عرضِ ناشر

مولانا قاری اشتیاق صاحب حفظۂ اللہ تعالیٰ نے ابتدائی طلبہ کی ذہنی سطح کو مدِنظر رکھتے ہوئے یہ قاعدہ مرتب کیا ہے اور تقریباً تمام ضروری قواعد آسان انداز میں ادائیگی کے طریقوں سمیت درج کئے ہیں۔ اور ناظرہ قرآن پاک کی تعلیم آسان سے آسان تر بنانے کی کوشش میں کافی حد تک کامیاب ہوئے ہیں۔

مولانا صاحب دینی اور عصری علوم کا حسین امتزاج رکھتے ہیں۔ حفظِ قرآن الکریم، تجوید للعلماء، اور درسِ نظامی کے ساتھ ساتھ مختلف سرکاری جامعات سے ایم اے اسلامیات، ایم اے عربی، ایم اے اُردو، اور ایم فِل کی ڈگریاں حاصل کر چکے ہیں، اور آج کل پی ایچ ڈی کے ریسرچ اسکالر بھی ہیں۔

مولانا صاحب کی یہ کاوش دیدہ زیب رنگوں اور دلکش انداز میں منظرِ عام پر لانے کی سعادت ہمیں حاصل ہو رہی ہے۔ اس کا اجر و ثواب ہم نے پوری اُمتِ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو تحفہ وصدقہ کیا ہے۔ پھر اس صدقے اور تحفے کا اجر ہم نے پوری اُمتِ محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی جانب سے سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو ہدیہ کیا ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ''آسان قرآنی قاعدہ'' ہم سب کیلئے ذخیرۂ آخرت بنائے اور اسے قبولِ عام اور بقائے دوام نصیب فرمائے۔ آمین

پروفیسر پیر حافظ حفیظ اللہ خان خادم
(نقشبندی، قادری، چشتی، سہروردی، قلندری)
خادمِ اول سلسلہ خادمیہ و خادمیہ ٹرسٹ

# معلمین اور معلمات کے لئے ہدایات

1. حروف تہجی کی پہچان میں طلبہ اور طالبات کے ساتھ بہت زیادہ محنت کریں اور جب تک ان کو حروف کی مکمل پہچان کا اطمینان حاصل نہ ہو آپ آگے سبق نہ پڑھائیں۔
2. تختی نمبر 1 میں زبر کی پہچان اور مقدار کے متعلق خوب محنت کرائیں اور طلبہ و طالبات کو اس قابل بنائیں کہ وہ مشق میں حروف ہجا خود پڑھ سکیں جوڑ بے شک آپ سکھائیں۔ اسی طرح زیر اور پیش کی تختیوں میں بھی یہی طریقہ کار اختیار کریں۔
3. تختی نمبر 5 میں تنوین کی پہچان اور ادائیگی پر خوب توجہ دیں۔
4. تختی نمبر 6 حروف مدہ کی مقدار اور اسی طرح کھڑا زبر وغیرہ خوب اہتمام سے سکھائیں۔
5. تختی نمبر 8 میں تشدید کا سبق بہت زیادہ توجہ کا مستحق ہے۔ یہ کافی اطمینان سے سکھائیں اور جب تک اچھی طرح یاد نہ ہو مسلسل اسی پر محنت کرائیں۔
6. تختی نمبر 12 اور 13 میں ادائیگی پر توجہ دیں کیونکہ اکثر طلبہ کو ان تختیوں میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ حروف مدہ کے بعد تشدید (حآج) وغیرہ طلبہ اور طالبات کو خوب سمجھا کر بار بار پڑھائیں۔
7. آخر میں وقف کی مختلف صورتوں کی مشق کرائیں۔
8. نماز کے کلمات ہجا کے ساتھ ساتھ روانی سے پڑھانے کا اہتمام فرمائیں۔
9. طلبہ اور طالبات کی ذہنی سطح کے مطابق اصلاحی واقعات اور نیک اعمال کے فضائل بیان کریں۔
10. طلبہ اور طالبات کو ابتدا ہی سے دین دار اور محب وطن بنانے کی کوشش کریں۔

## حروف هجاء کے متعلق چند ضروری باتیں

عربی زبان میں حروف تہجی 29 ہیں۔ان میں سے کن کن حروف کو کتنا لمبا کر کے پڑھنا چاہیے اس کی وضاحت کے لئے ہم حروف کو تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

1. الف اور ہمزہ: ان کو بالکل لمبا کر کے نہیں پڑھنا ہے یعنی ان حروف میں مد نہیں ہے۔

2. بارہ حروف ایسے ہیں جن کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھنا چاہئے۔

   با، تا، ثا، حا، خا، را، زا، طا، ظا، فا، ھا ، اور یا

3. باقی پندرہ حروف کو پانچ الف کی مقدار لمبا کر کے پڑھنا چاہیئے۔ اگر چھوٹا بچہ اتنا مد نہ کر سکے اور ایک الف سے زیادہ کھینچ لے تو بھی ٹھیک ہے۔

   جیم ، دال، ذال، سین، شین، صاد، ضاد، عین، غین، قاف، کاف، لام، میم، نون اور واو

## حروف ہجا کی ادائیگی میں ان غلطیوں سے بچنا چاہیے۔

- الف: اس میں (ا) پر کھڑا زبر پڑھنا اور (ل) کے نیچے زیر کو کھینچ کر یاء بنانا (الیف) کی شکل میں ، (ل) پر زبر پڑھنا ، اور زیر کو مجہول پڑھنا سب غلط ہیں۔
- صحیح تلفظ اس طرح ہے کہ (ا) پر زبر، (ل) کے نیچے زیر اور (ف) کو ساکن کر کے پڑھیں۔ (أَلِفْ)
- ہمزہ: (ء) کو ایسا ادا کریں کہ آخر میں ھاء کی اواز ہو جیسے ہمزہ۔
- با، تا، ثا، حا، خا، را، زا، طا، ظا، فا، ھا اور یا کے آخر کو جھٹکا دے کر (باءْ، تاءْ) پڑھنا اور ان حروف کے الف کو ٹیڑھا پڑھنا ٹھیک نہیں۔
- کاف: کاف کی ادائیگی میں الف سے پہلے ( یا ) شامل کر کے ( کیاف ) پڑھنا غلط ہے۔

# انتساب

سیدالمرسلین وخاتم النبیین ورحمۃ للعالمین ومحبوب رب العالمین محسنِ انسانیت

حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

کے نام، جن کے صدقے اور طفیل کائنات کو وجود بخشا گیا۔

*A Joint Venture of*

Khadimiya Trust

*and*

Humanity Publications

**Presented By:** Prof. Peer Hafiz Hafeez Ullah Khan Khadim
Founder Khadimiya Trust

**Published By**

Humanity Publications
sharing research
www.humapub.com
UK | US | Pakistan

**Powered By**

www.khadimiya.com
KHADIMIYA TRUST
helping humanity

Address: Huma Globe House, Office # 01 & 02,
1st Floor, Fazal Arcade, F-11 Markaz, Islamabad, Pakistan
Showroom: Shop #16 & 17, Shahr-e-Kitab, F-7 Markaz (Super Market), Islamabad, Pakistan.
Contact: +92-332-9147-618 | Web: www.humapub.com
Email: info@humapub.com